بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترم جناب مفتی صاحب، اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گذارش خدمت ہے میں اکثر سال کے مختلف ایام میں بذریعہ ٹرین کراچی کینٹ اسٹیشن سے سندھ اور پنجاب کے شہروں کی طرف مختلف مقررہ اوقات کی ٹرین میں دعوت وتبلیغ کے سلسلے میں جماعتوں کے ساتھ جاتا رہتا ہوں اس سلسلے میں سفر کے شرعی احکامات مطلوب ہیں۔

(الف) میں اورنگی ٹاؤن کے بالکل آخری حصہ گلشن بہار اورنگی ٹاؤن میں رہتا ہوں جہاں سے کراچی کینٹ اسٹیشن کا فاصلہ تقریباً ۲۵ کلومیٹر ہے اسی طرح بعض احباب سعید آباد، بلدیہ ٹاؤن سے آتے ہیں اور بعض اسٹیل ٹاؤن سے آتے ہیں ان سب مقامات کے فاصلے کراچی کینٹ اسٹیشن سے ۲۰ تا ۲۵ کلومیٹر ہے سوال یہ ہے کہ ٹرین کینٹ اسٹیشن سے روانہ ہو جانے کے بعد ہی

(۱) کیا ہم مسافر ہو جاتے ہیں؟

(۲) کیا ہم اپنے گھر سے ۸۸ کلومیٹر کا فاصلہ طے ہونے کے بعد مسافر ہوتے ہیں؟

(۳) کیا ٹرین یا بس کے روانہ ہوتے ہی ہم مسافر بن جائیں گے؟

(۴) ازراہ کرم کراچی شہر کے حدود اربع جو حکومت وقت نے طے کیا ہے اس کا شرعی جائزہ لے کر (الف) دھابے جی (ب) نوری آباد، حیدر آباد سپر ہائی وے) (ج) گھارو (نیشنل ہائی وے) وغیرہ جیسے شہروں تک سہ روزہ کی جماعت میں جانے اور وہاں تین دن مساجد میں اعتکاف کی نیت سے

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

(۱،۲،۳) مسافتِ سفر کی ابتداء اس جگہ سے ہوگی جہاں سے آپ نے سفر کی ابتداء کی ہے یعنی اگر کینٹ اسٹیشن سے جہاں سے آپ نے سفر کی ابتداء کی ہے دوسرے شہر کے اس مقام تک جہاں جانا ہے کل مسافت ۴۸ میل اور کلو میٹر کے حساب سے ۷۷ ½ کلومیٹر یا اس سے زیادہ ہے تو یہ سفرِ شرعی کہلائے گا، البتہ سفر کے احکام، نمازوں میں قصر وغیرہ شہر کی حدود یعنی آبادی کے مکانات سے نکلنے کے بعد شروع ہونگے، لہٰذا صورتِ مسئولہ میں اس جگہ سے جہاں سے آپ نے سفر کی ابتداء کی ہے دوسرے شہر کے اس مقام تک جہاں آپ کو جانا ہے مذکورہ بالا مسافت ہے تو آپ کراچی شہر کے مکانات سے نکلنے کے بعد قصر نماز پڑھیں گے۔

(۴) صورتِ مسئولہ میں اگر اس جگہ سے جہاں سے آپ نے سفر کی ابتداء کی ہے مذکورہ دوسرے شہروں؛ دھابے جی، نوری آباد اور گھارو کے اس مقام تک جہاں جماعت کو جانا ہے کل مسافت ۴۸ میل (۷۷ ½ کلومیٹر) یا اس سے زیادہ ہے تو کراچی شہر کی حدود سے نکلنے کے بعد آپ نمازیں قصر پڑھیں گے۔

(۵) اوپر نمبر ۴ کی تفصیل کے مطابق اگر اس جگہ سے جہاں سے آپ نے سفر کی ابتداء کی ہے حب چوکی سے آگے کی بستیوں تک کل مسافت ۴۸ میل (۷۷ ½ کلومیٹر) یا اس سے زیادہ ہے تو کراچی شہر کی حدود یعنی آبادی کے مکانات سے نکلنے کے بعد آپ نمازیں قصر پڑھیں گے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

الجواب صحیح
بندہ محمد تقی عثمانی عفی عنہ
۶-۷-۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
احقر محمود اشرف غفر اللہ
۷/۷/۱۴۳۰ھ

بندہ ولی اللہ غفر لہ
دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی
۶/۷/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
عبد المنان عفی عنہ
۷-۷-۱۴۳۰ھ

Scanned by CamScanner